بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ

ماہوار رسالہ

# مُرقّع قادیانی

جلد ۲ | امرتسر بابتہ ماہ مئی ۱۹۳۲ء | نمبر ۱

## مُرقّع قادیانی کا آئندہ سال

مرقع بابت مارچ کے صفحہ اول کی سطر اخیر میں ایک فقرہ یہ بھی لکھا گیا :-

" سال پورا ہوگیا۔ آئندہ کیلئے اللہ اعلم "

اس فقرہ سے بعض احباب نے مرقع کی بندش کا امکان سمجھکر دلشکنی کا اظہار کیا۔ اصل حقیقت بھی یہی ہے کہ خریداری کی قلت حوصلہ شکن ہے۔ چونکہ بعض احباب نے ازراہِ قدردانی سال آئندہ کی قیمت بذریعہ منی آرڈر بھیجدی۔ سچ تو یہ ہے کہ ان احباب کے اخلاص نے میرے دل پر اثر کیا کہ مرقع جاری رہے۔ چنانچہ جدید جلد کا نمبر اول آج ناظرین تک پہونچتا ہے!

یہ بات بھی معروض کردینے کے قابل ہے کہ مرقع قادیانی میں آئندہ محض قادیاں ہی قادیاں کا ذکر نہ ہوگا بلکہ مخالفین اسلام، عیسائی، آریہ، بہائی وغیرہ کا ذکر بھی ہوا کریگا انشاءاللہ۔

اس کے بعد ناظرین کی خدمت میں دو امور پیش ہیں :-